PHDL

پاکستان ہوٹلز ڈویلپرز لمیٹڈ

اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام، حصص داران

بسلسلہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 347 کے تحت کمپنی کی رضا کارانہ بندش

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ میسرز پاکستان ہوٹلز ڈویلپر زلمیٹڈ (''کمپنی'') کے حصص داران کا غیر معمولی اجلاس عام (ای او جی ایم) 31 دسمبر 2024 بروز منگل، دن 11:00 بجے زیڈ وی ایم جی رنگون والا کمیونٹی سنٹر، دھوراجی، کراچی میں درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا:

A. معمولی امور

1. 28 اکتوبر 2024 کو منعقدہ کمپنی کے 45ویں سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی تصدیق کرنا۔

B. خصوصی امور

1. کمپنی کو بند کرنے کے لئے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 347 کے تحت کمپنی کی رضا کارانہ بندش کی کارروائی کے آغاز کو زیر غور لانا اور منظوری دینا۔
2. کمپنی میسرز پاکستان ہوٹلز ڈویلپر زلمیٹڈ کی رضا کارانہ بندش کے حوالے سے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے دیوالیہ پن کے اعلامیہ کو زیر غور لانا اور منظوری دینا۔
3. بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش پر بندش کی مدت کے لئے درج ذیل کی بطور کمپنی کے لیکوئڈیٹرز، کسی مشاہرہ کے بغیر تقرری کو زیر غور لانا اور منظوری دینا۔
   (1) جناب محسن فیروز الدین
   (2) جناب مسرور ایف باویجہ
   (3) جناب مظفر باویجہ
   (4) جناب ظہیر باویجہ
   (5) جناب زبیر الدین باویجہ
4. بندش کی مدت کے دوران کمپنی کے آڈیٹرز کے طور پر میسرز کلارکسن ہائیڈ سعود انصاری، چارٹرڈ اکاؤنٹس کی تقرری کو زیر غور لانا اور ان کا مشاہرہ مقرر کرنا۔

مذکورہ بالا مقصد کے لئے درج زیل قراردادیں خصوصی قراردادوں کے طور پر کسی ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر منظوری کے لئے تجویز کی جاتی ہیں:

''قرار دیا جاتا ہے کہ میسرز پاکستان ہوٹلز ڈویلپر زلمیٹڈ کو رضا کارانہ طور پر بند کر دیا جائے''۔

''مزید قرار دیا جاتا ہے کہ دیوالیہ پن کی بناء پر کمپنی کی بندش کی صورت میں کمپنی کے تمام ڈائریکٹرز کی جانب سے دستخط شدہ اور منظور شدہ دیوالیہ پن کا اعلامیہ قبول و منظور کیا جائے اور بذریعہ ہذا قبول و منظور کیا جاتا ہے۔''

''مزید قرار دیا جاتا ہے کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی اس سفارش کہ بندش کی مدت کے دوران کمپنی کے لیکوئڈیٹرز کی حیثیت سے کسی معاوضہ کے بغیر درج ذیل افراد جنہوں نے بطور لیکوئڈیٹر اپنا کردار ادا کرنے پر رضامندی دی ہے، کی تقرری کو بذریعہ ہذا قبول و منظور کیا جاتا ہے۔''

(1) جناب محسن فیروز الدین
(2) جناب مسرور ایف باویجہ
(3) جناب مظفر باویجہ
(4) جناب ظہیر باویجہ
(5) جناب زبیر الدین باویجہ

''مزید قرار دیا جاتا ہے کہ لیکوئڈیٹرز کو مجاز بنایا جاتا ہے کہ وہ اس نوعیت کے کام کریں جو کمپنی کی بندش کے سلسلے میں ضروری ہوں اور اس کے ساتھ انجام دینا ہوں۔''

''مزید قرار دیا جاتا ہے کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی موجودہ آڈیٹرز میسرز کلارکسن ہائیڈ سعود انصاری، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو بندش کی مدت کے دوران کمپنی کے آڈیٹرز کے طور پر مقرر کیا جائے، کو قبول و منظور کیا جائے اور بذریعہ ہذا قبول و منظور کیا جاتا ہے۔''

C. کوئی دیگر امور

1 صدر نشین کی اجازت سے کوئی دیگر معمولی امور انجام دینا۔

بحکم بورڈ
مسعود انور
کمپنی سیکرٹری

کراچی
10 دسمبر 2024

نوٹس:

1. کمپنی کی حصص منتقلی کی کتب 24 دسمبر 2024 تا 31 دسمبر 2024 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ ہمارے انڈیپنڈنٹ شیئر رجسٹرار آفس میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروس (ایس ایم سی پرائیویٹ لمیٹڈ)، 17 ویں منزل، صائمہ ٹریڈ ٹاور-اے، کراچی یا کمپنی سیکرٹری، پاکستان ہوٹلز ڈویلپر زلمیٹڈ، آفس نمبر 202، دوسری منزل، مریم کمپلیکس، بہار مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، بلاک-3، شرف آباد، کراچی، میں 23 دسمبر 2024 تک موصول ہونے والی منتقلیوں، جو ہر لحاظ سے مکمل ہوں، کو اجلاس میں شرکت اور ووٹ کے لئے اہل سمجھا جائے گا۔
2. غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے اہل رکن کسی دوسرے رکن کو اپنی پراکسی کے طور پر مقرر کرنے اور اپنے ایماء پر ووٹ دینے کے لئے مقرر کرنے کا استحقاق رکھتے ہیں۔ کارپوریٹ ادارہ، جو کمپنی کا رکن ہو، اپنے بورڈ آف ڈائریکٹرز یا گورننگ باڈی کی قرارداد کے ذریعے کسی شخص کو اجلاس میں اپنے نمائندہ کا کردار ادا کرنے کا مجاز بنا سکتا ہے۔
3. پراکسی کے تقرر کی دستاویز کو قابل قبول قرار دیئے جانے کے لئے لازم ہے کہ یہ مناسب طریقے سے پر کی جائے/انجام دی جائے اور اس کے ہمراہ رکن اور اس کے پراکسی کے سی این آئی سی/پاسپورٹ کی سرٹیفائیڈ کاپیاں لف کی جائیں اور دو افراد جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبر فارم پر درج ہوں، بطور گواہ ہوں گے۔ کارپوریٹ ادارے کی نمائندگی کرنے والے افراد کے لئے اصل پاور آف اٹارنی، جو مناسب طریقے سے نوٹرائزڈ ہو، اور جس پر یہ معلومات درج ہوں: (1) فولیو نمبر، (2) رکن کا سی این آئی سی جسے اختیارات دیئے جا رہے ہیں، (3) اٹارنی کا فولیو نمبر اور اس کا سی این آئی سی نمبر درج ہو، جو اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کو جمع کرا دیا جائے جس پر مہر اور دستخط ثبت ہونے چاہئیں۔ اگر رکن جسے پاور آف اٹارنی دیا جا رہا ہو، یا اس کے اٹارنی کے دستخط کمپنی کے ریکارڈ کے مطابق نہ ہوئے یا پاور آف اٹارنی ان شرائط پر پورا نہ اترتا ہو تو پاور آف اٹارنی قبول نہیں کیا جائے گا۔
4. سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے سرکلر نمبر 1، سال 2000، مورخہ 26 جنوری 2000 میں مذکور رہنما اصولوں پر عمل کرنا ہوگا۔
5. ارکان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی اطلاع فوری طور پر کمپنی کو دیں۔
6. جہاں کہیں سی این آئی سی کی ضرورت ہو، وہاں سی این آئی سی کی غیر موجودگی میں نادرا کو جمع کرائی گئی سی این آئی سی درخواست کی رسید مع پرانا/ختم شدہ مدت کا این آئی سی بھی قابل قبول ہوگا۔
7. ارکان سے التماس ہے کہ اپنے ہمراہ بچوں کو نہ لائیں کیونکہ بچوں کو اجلاس میں شرکت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

اجلاس میں شرکت

(i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا ایسے افراد جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کر دی گئی ہوں، اجلاس میں شرکت کے وقت انہیں اپنی شناخت کی تصدیق کے لئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا اصل پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔
(ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی مع نامزد کنندہ کا نمونہ دستخط، اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوگا (اگر یہ اس سے قبل فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

پراکسی کا تقرر

(i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا افراد جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کر دی گئی ہیں، انہیں مذکورہ بالا شرائط کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔
(ii) پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ہونی چاہئے جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبر فارم پر درج کئے جائیں۔
(iii) بینیفشل مالکان اور پراکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرائی جائیں۔
(iv) پراکسی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔
(v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی مع نمونہ دستخط کمپنی کے فارم کے ہمراہ جمع کرانا ہوگا (اگر یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔
(vi) پراکسی فارم ای او جی ایم کے نوٹس کے ہمراہ ارکان کو علیحدہ بھیجا جائے گا۔

اس مراسلہ کے ذریعے ہم بذریعہ ہذا ارکان کو متبادل کے طور پر ویڈیو کانفرنس کی سہولت، ای ووٹنگ یا پوسٹل بیلٹ کے آپشن استعمال کرنے کے لئے درج ذیل طریقہ کار سے آگاہ کرتے ہیں:

A- وڈیو کانفرنس کی سہولت

a) کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 134(1)(b) کے تحت کمپنی کے ارکان ذاتی طور پر یا پراکسی کی شکل میں وڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے اجلاس میں شرکت کر سکتے ہیں، جو کمپنی کی جانب سے بذریعہ ای میل اجلاس سے قبل ایسے تمام اہل حصص داران کو فراہم کی جائے گی جن کے رجسٹرڈ ای میل آئی ڈی کمپنی کے ارکان کی فہرست میں موجود ہیں۔
b) وڈیو لنک کی سہولت کمپنی کے ان ارکان کو فراہم کی جائے گی جو ادا شدہ سرمایہ میں مجموعی طور پر 10 فیصد یا زائد حصص داری کے حامل ہوں اور اس شہر میں مقیم ہوں۔ وڈیو کانفرنس کی سہولت سے استفادہ کی شرائط اور طریقہ کار پر اسی طرح عمل کیا جائے گا جس طرح ایس ای سی پی کی طرف سے جاری کردہ سرکلر نمبر 10، سال 2014، مورخہ 21 مئی 2014 میں بیان کی گئی ہیں۔

ارکان اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لئے نیچے دیئے گئے فارمیٹ کے مطابق اپنی رضامندی فراہم کریں اور اسے اجلاس عام کے انعقاد سے 10 یوم قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں جمع کرائیں۔

وڈیو کانفرنس کی سہولت کے لئے رضامندی کا فارم

میں/ہم ----------از ----------بطور رکن پاکستان ہوٹلز ڈویلپر زلمیٹڈ، حامل ---------- معمولی حصص بر طابق رجسٹر فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ---------- بذریعہ ہذا ---------- (جغرافیائی مقام) میں بذریعہ ہذا وڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتخاب کرتے ہیں۔

B- ووٹنگ کی سہولت

a کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018، ترمیم شدہ بذریعہ ایس آر او 2022/(I)2192، مورخہ 5 دسمبر 2022 (ترمیم شدہ ریگولیشنز)، جاری کردہ از ایس ای سی پی، کی رو سے کمپنی کے ارکان کو الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت اور ووٹنگ بذریعہ ڈاک کا حق ایسے تمام امور کے لئے فراہم کیا جائے گا جو کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت خصوصی امور میں شمار ہوں اور جن کی منظوری ای او جی ایم میں خصوصی قرارداد کے ذریعے اس انداز میں اور اس شرط پر مطلوب ہو کہ ان کی شرط ترمیم شدہ ریگولیشنز میں شامل ہو۔

C۔ ای۔ ووٹنگ

a) ای ووٹنگ کی سہولت ای ووٹنگ کی خدمات فراہم کرنے والے ادارے کی جانب سے فراہم کی جائے گی۔
b) جو ارکان اپنا ای ووٹنگ کا حق استعمال کرنے کے خواہشمند ہیں، وہ مورخہ 30 دسمبر 2024 شام 5:00 بجے تک یا اس سے پہلے اپنے رجسٹرڈ ای میل پتہ کے ذریعے کمپنی کو اس کی طرف سے پہلے فراہم کئے گئے ای میل: cs@rphcc.com پر اس کی تصدیق کر دیں گے۔
c) ارکان کی اسناد کی ضروری تصدیق کے بعد ہمیں ای ووٹنگ کی سہولت فراہم کرنے والا ادارہ ارکان کو ویب سائٹ کے پتہ، لاگ ان کی معلومات، پاس ورڈ اور الیکٹرانک دستخط ای میل کے ذریعے فراہم کر دے گا۔
d) ارکان ویب پورٹل کے ذریعے ایجنڈا کے لئے اپنا ووٹ مورخہ 28 دسمبر 2024 کو پاکستانی وقت کے مطابق صبح 9:00 بجے سے مورخہ 30 دسمبر 2024 کو پاکستانی وقت کے مطابق شام 5:00 بجے تک ڈالیں گے۔ ووٹ صرف مذکورہ بالا شیڈول کے دوران ہی ڈالے جائیں گے۔ ایک دفعہ ووٹ دینے کے بعد اس میں کسی تبدیلی کی اجازت نہیں ہوگی۔

D۔ پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ

a: پوسٹل بیلٹ کو مناسب طریقے سے پر کرنے کے بعد چیئرمین پاکستان ہوٹلز ڈویلپر زلمیٹڈ، آفس نمبر 202، دوسری منزل، مریم کمپلیکس، بہار مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، بلاک-3، شرف آباد کراچی کو یا بذریعہ ای میل: cs@rphcc.com پر 28 دسمبر 2024 بروز سوموار شام 5:00 بجے سے پہلے بھجوا دیا جائے۔ اس تاریخ اور وقت کے بعد موصول ہونے والے کسی بھی پوسٹل بیلٹ کو ووٹنگ کے لئے زیر غور نہیں لایا جائے گا۔ پوسٹل بیلٹ فارم کی کاپی اس مراسلہ کے ساتھ بطور ضمیمہ B لف ہ۔
b: پوسٹل بیلٹ فارم کے ہمراہ سی این آئی سی کی کاپی/پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی کی صورت میں) لف کیا جائے۔
c: بیلٹ پر دستخط سی این آئی سی، یا پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) کے گئے دستخط کے مطابق ہونے چاہئیں۔
d: کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بیلٹ کے ہمراہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یں/پاور آف اٹارنی مع نمونہ دستخط کمپنی کے پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرائے جائیں۔
e: نامکمل، بغیر دستخط، مسخ کئے گئے، پھاڑے گئے، غلط، خراب کئے گئے، اوور رائٹنگ والے بیلٹ پیپر مسترد کر دیئے جائیں گے۔
f: بیلٹ پیپر پاکستان ہوٹلز ڈویلپر زلمیٹڈ کی ویب سائٹ: www.phdl.com.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

خصوصی امور کے بارے میں کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 143(3) کے تحت مادی حقائق کا بیان

خصوصی امور

ایجنڈا آئٹم نمبر B(2)

a: بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے اجلاس منعقدہ 2 دسمبر 2024 میں ای او جی ایم میں ارکان کی منظوری کے لئے دیوالیہ پن کے اعلامیہ پر دستخط کئے۔ اعلامیہ کی کاپی بطور ضمیمہ A لف ہذا ہے۔
b: بیان بر طابق 31 اکتوبر 2024، جس میں خصوصی آڈٹ شدہ فنانشل سٹیٹمنٹ کی بنیاد پر اثاثے اندازاً قابل وصول مالیت اور واجبات جن کی وصولی متوقع ہے، درج ہیں، بطور ضمیمہ A لف ہذا ہے۔

ایجنڈا آئٹم نمبر B(3)

a: کمپنی کو اپنے ارکان کی جانب سے کمپنی کی لیکوئڈیشن کی مدت تک کسی مشاہرہ کے بغیر اپنی خدمات پیش کرتے ہوئے بطور لیکوئڈیٹر کام کرنے کے لئے رضامندی کے 5 (پانچ) خطوط موصول ہوئے ہیں۔
b: بطور لیکوئڈیٹر کام کرنے پر رضامندی کے خطوط کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے روبرو اس کے اجلاس منعقدہ 2 دسمبر 2024 میں رکھے گئے، جس میں بورڈ نے قرار دیا کہ کمپنی کے ارکان کی طرف سے موصول ہونے والے رضامندی کے مذکورہ خطوط پر غور اور منظوری کے لئے ای او جی ایم طلب کی جائے اور اگر مناسب سمجھا جائے تو حصص داران سے اس کی منظوری لی جائے۔

خصوصی قرارداد

کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت کمپنی کی رضا کارانہ بندش کے لئے خصوصی قرارداد کی اجلاس عام میں موجود کمپنی کے ارکان کی ویلیو کے تین چوتھائی کی جانب سے منظوری ضروری ہے۔ لہٰذا، کمپنیز ایکٹ 2017 کی رو سے کمپنی کے حصص داران کا غیر معمولی اجلاس عام (ای او جی ایم) منگل، 31 دسمبر 2024 دن 11:00 بجے زیڈ وی ایم جی رنگون والا کمیونٹی سنٹر، دھوراجی، کراچی میں کمپنی کی رضا کارانہ بندش اور متعلقہ امور، جیسا کہ اس نوٹس کے ذریعے آگاہ کیا گیا ہے، پر غور اور منظوری کے لئے منعقد ہوگا۔

ضمیمہ A

فارم نمبر 107
(کمپنیز (کورٹ) رولز، 1997 کے رول 269 کے تحت)

کمپنیز ایکٹ، 2017
رکن کی رضا کارانہ بندش'
دیوالیہ پن کا اعلامیہ، مع اثاثوں اور واجبات کا بیان
(سیکشن 351 کی رو سے)
پاکستان ہوٹلز ڈویلپر زلمیٹڈ
کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے پیش کیا گیا
دیوالیہ پن کا اعلامیہ

ہم (1 ظہیر باویجہ، (2) مظفر باویجہ، (3) زبیر الدین باویجہ، (4) شاہینہ خالد، (5) شازیہ جمال، (6)، قاضی احمد سعید اور (7 ندیم الحق نجمی، بطور ڈائریکٹرز میسرز پاکستان ہوٹلز ڈویلپر زلمیٹڈ حلفاً تصدیق کرتے ہیں اور اقرار کرتے ہیں کہ ہم نے کمپنی ہذا کے امور کے بارے میں مکمل تحقیق کی ہے اور اس بنا پر ہماری رائے ہے کہ کمپنی ہذا بندش کے آغاز سے بارہ ماہ کی مدت کے اندر اپنے قرضہ جات مکمل طور پر ادا کرنے کے قابل ہوگی، اور ہم کمپنی کے اثاثوں اور واجبات بر طابق 31 اکتوبر 2024، جو اس اعلامیہ کے اجراء سے قبل آخری عملی تاریخ بنتی ہے، کا بیان بھی لف ہذا کرتے ہیں، اور ہم یہ حلفیہ اعلامیہ اس یقین کے ساتھ جاری کر رہے ہیں کہ یہ درست ہے۔ مزید برآں، ہم حلفاً تصدیق کرتے ہیں کہ کمپنی کسی شخص یا اشخاص کے ساتھ دھوکہ دہی کے لئے بند نہیں کی جا رہی۔

میرے روبرو 2 دسمبر 2024 کو کراچی میں اعلامیہ کی حلفیہ تصدیق کی گئی۔

اسٹامپ پیپر پر ڈائریکٹرز کی طرف سے دستخط شدہ

میسرز پاکستان ہوٹلز ڈویلپرز لمیٹڈ

بیان بر طابق 31 اکتوبر 2024، جس میں اثاثے اندازاً عملی شکل میں مالیت اور واجبات جو عملی شکل میں متوقع ہیں، ظاہر کئے گئے ہیں

اثاثے	بینک ویلیو، روپوں میں	نقد تخمینہ
1. بینک میں بیلنس	1,036,446,000	1,036,446,000
2. نقد دستی	8,252,000	8,252,000
3. مارکیٹیبل سیکیورٹیز		
(1) قابل وصول بل	-	-
(2) ٹریڈ ڈیبٹرز	2,032,000	2,032,000
(3) قرضے اور ایڈوانسز	452,842,000	452,842,000
(4) غیر ادا شدہ کالز	-	-
(5) سٹاک ان ٹریڈ	-	-
(6) ورک ان پراگرس،	-	-
(7) فری ہولڈ پراپرٹی	-	-
(8) لیز ہولڈ پراپرٹی	15,000,000	15,000,000
(9) پلانٹ اور مشینری پراپرٹی	-	-
(10) فرنیچر، فلرٹنگ، برتن وغیرہ	-	-
(11) پیٹنٹ، ٹریڈ مارک وغیرہ	-	-
(12) مارکیٹیبل سیکیورٹیز کے علاوہ سرمایہ کاری	-	-
(13) فری ہولڈ پراپرٹی	-	-
(14) دیگر پراپرٹی	462,000	462,000
(15) دیگر اثاثے	3,691,000	3,691,000
ٹوٹل	1,518,725,000	1,518,725,000
ادائیگی کے لئے درجہ بندی کا تخمینہ (قریب ترین روپے تک)		
واجبات		
1. مخصوص اثاثوں پر سیکیورکئے گئے	-	-
2. فلوٹنگ چارجز پر سیکیورکئے گئے	-	-
3. لیکوئڈیشن کا تخمینہ لاگت اور دیگر اخراجات بشمول قرضوں کی مکمل ادائیگی پر اٹھنے والا سود		
4. بغیر سیکیور کئے گئے کریڈیٹرز (ادائیگی کے لئے اندازاً رقم)		
(1) ٹریڈ اکاؤنٹس	6,246,000	6,246,000
(2) قابل ادائیگی بل	-	-
(3) اٹھنے والا اخراجات	15,319,000	15,319,000
(4) دیگر واجبات	33,369,000	33,369,000
(5) اتفاقیہ واجبات	-	-
ٹوٹل	54,934,000	54,934,000
اثاثوں کی اندازاً کل مالیت	1,518,725,000	1,518,725,000
کل واجبات	54,934,000	54,934,000
قرضوں کی مکمل ادائیگی کے بعد اندازاً سرپلس	1,463,791,000	1,463,791,000

میرے روبرو 2 دسمبر 2024 کو کراچی میں اعلامیہ کی حلفیہ تصدیق کی گئی۔

ڈائریکٹرز کی طرف سے دستخط شدہ

ضمیمہ B

پاکستان ہوٹلز ڈویلپرز لمیٹڈ
پوسٹل بیلٹ پیپر

بیلٹ پیپر برائے ووٹنگ بذریعہ ڈاک ووٹ برائے غیر معمولی اجلاس عام منعقدہ 31 دسمبر 2024 بروز منگل، بوقت 11:00 بجے، بمقام زیڈ وی ایم جی رنگون والا کمیونٹی سنٹر، دھوراجی، کراچی اور بذریعہ وڈیو لنک۔

چیئرمین کی رابطہ تفصیلات جس پر بیلٹ پیپر مناسب طریقے سے پُر کر کے بھجوایا جائے:

چیئرمین، میسرز پاکستان ہوٹلز ڈویلپر زلمیٹڈ، بمقام کمپنی کا رجسٹرڈ آفس نمبر 202، دوسری منزل، مریم کمپلیکس، بہار مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، بلاک-3، شرف آباد، کراچی۔

برائے توجہ کمپنی سیکرٹری

ای میل پتہ: cs@rphcc.com فون: 009221 38887116 ویب سائٹ: www.phdl.com.pk

شیئر ہولڈر/جوائنٹ شیئر ہولڈرز کا نام	
رجسٹرڈ پتہ	
حاملہ حصص کی تعداد	
فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	
سی این آئی سی نمبر	
مزید معلومات اور انکوئرز (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندہ کی صورت میں)	

میں/ہم بذریعہ ہذا درج ذیل قراردادوں کے حوالے سے اپنے ووٹ کا بذریعہ پوسٹل بیلٹ استعمال کرتے ہوئے نیچے دیئے گئے موزوں باکس پر (✔) نشان لگا کر درج ذیل قرارداد پر اپنی رضامندی یا عدم رضامندی کے بارے میں آگاہ کرتے ہیں۔

قراردادوں کی نوعیت اور تفصیل	میں/ہم قراردادوں پر رضامند ہیں (FOR)	میں/ہم قراردادوں پر غیر رضامند ہیں (AGAINST)
''قرار دیا جاتا ہے کہ میسرز پاکستان ہوٹلز ڈویلپر زلمیٹڈ کو رضا کارانہ طور پر بند کر دیا جائے''۔ ''مزید قرار دیا جاتا ہے کہ دیوالیہ پن کی بناء پر کمپنی کی بندش کی صورت میں کمپنی کے تمام ڈائریکٹرز کی جانب سے دستخط شدہ اور منظور شدہ دیوالیہ پن کا اعلامیہ قبول و منظور کیا جائے اور بذریعہ ہذا قبول و منظور کیا جاتا ہے۔'' ''مزید قرار دیا جاتا ہے کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی اس سفارش کہ بندش کی مدت کے دوران کمپنی کے لیکوئڈیٹرز کی حیثیت سے کسی معاوضہ کے بغیر درج ذیل افراد جنہوں نے بطور لیکوئڈیٹر اپنا کردار ادا کرنے پر رضامندی دی ہے، کی تقرری کو بذریعہ ہذا قبول و منظور کیا جاتا ہے۔'' (1) جناب محسن فیروز الدین (2) جناب مسرور ایف باویجہ (3) جناب مظفر باویجہ (4) جناب ظہیر باویجہ (5) جناب زبیر الدین باویجہ ''مزید قرار دیا جاتا ہے کہ لیکوئڈیٹرز کو مجاز بنایا جاتا ہے کہ وہ اس نوعیت کے کام کریں جو کمپنی کی بندش کے سلسلے میں ضروری ہوں اور اس کے ساتھ انجام دینا ہوں۔'' ''مزید قرار دیا جاتا ہے کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی اس سفارش کہ کمپنی کے موجودہ آڈیٹرز میسرز کلارکسن ہائیڈ سعود انصاری، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو بندش کی مدت کے دوران کمپنی کے آڈیٹرز کے طور پر مقرر کیا جائے، کو قبول و منظور کیا جائے اور بذریعہ ہذا قبول و منظور کیا جاتا ہے۔''		

دستخط حصص دار (داران)

مقام:

تاریخ:

نوٹس:

1. پوسٹل بیلٹ مناسب طریقے سے پُر کر کے چیئرمین کو کمپنی کے رجسٹرڈ آفس نمبر 202، دوسری منزل، مریم کمپلیکس، بہار مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، بلاک-3، شرف آباد، کراچی کے پتہ بھجوایا جائے یا cs@rphcc.com پر ای میل کیا جائے۔
2. پوسٹل بیلٹ فارم کے ہمراہ سی این آئی سی کی کاپی فراہم کی جائے۔
3. پوسٹل بیلٹ فارم اجلاس کے صدر نشین کو 28 دسمبر 2024 بروز ہفتہ اوقات کار میں یا اس سے قبل موصول ہو جائیں۔ اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والے کسی پوسٹل بیلٹ کو ووٹنگ کے لئے زیر غور نہیں لایا جائے گا۔
4. پوسٹل بیلٹ پر دستخط سی این آئی سی پر دستخط سے میچ ہونے چاہئیں۔
5. نامکمل، بغیر دستخط، غلط، Defaced، پھٹے ہوئے، مسخ شدہ، اوور رائٹنگ والے بیلٹ پیپر مسترد کر دیئے جائیں گے۔
6. متبادل کے طور پر ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات کے بارے میں کمپنی کی طرف سے ای ووٹنگ خدمات کی فراہمی کے لئے مقرر کئے گئے ادارے کی جانب سے ای میل کے ذریعے کمپنی کے ارکان کے رجسٹر میں دستیاب ای میل پر آگاہ کر دیا جائے گا۔
7. ارکان مورخہ 28 دسمبر 2024 صبح 9:00 بجے سے 30 دسمبر 2024 شام 5:00 بجے ای ووٹنگ کے اختتام تک آن لائن ای ووٹ دے سکتے ہیں۔
8. بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ: www.phdl.com.pk پر بھی فراہم کر دیا گیا ہے۔